## سوال

(346) میں نے ہر سال حج کرنے کا اللہ تعالیٰ سے عہد کیا تھا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میں نے اللہ تعالیٰ سے ہر سال حج کرنے کا عہد کیا تھا کیونکہ پہلے میں ملازم نہیں تھا پھر بعد میں حالات کی مجبوری کی وجہ سے مجھے فوج میں ملازمت کرنا پڑی اوراب محکمہ کی طرف سے مجھے ہر سال حج کرنے کےلیے رخصت نہیں ملتی۔ لہذا امید ہے کہ رہنمائی فرمائیں گے کہ ان حالات میں حج نہ کرسکنے کی وجہ سے مجھے گناہ تو نہیں ہوگا؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر بعض برسوں میں کوئی ایسی رکاوٹ پیش آجائے جس کی وجہ سے آپ کو حج کی استطاعت نہ ہو اور آپ اس رکاوٹ پر غلبہ نہ پاسکیں تو کوئی گناہ نہ ہوگا کیونکہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

لَا يُكَلِّفُ اللَّهُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا ... سورة البقرة ٢٨٦

''اللہ کسی شخص کو اس کی طاقت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتا۔''

نیز فرمان باری تعالیٰ ہے:

مَا يُرِيدُ اللَّهُ لِيَجْعَلَ عَلَيْكُم مِّنْ حَرَجٍ ... سورة المائدة ٦

''اللہ تم پر کسی طرح کی تنگی نہیں کرنا چاہتا۔''

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

**فتاویٰ اسلامیہ**

كتاب المناسک : ج 2 صفحہ 258